سوال

(101) عقیقہ کے جانور کی شرائط

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جو شرائط قربانی کے جانور کی ہیں۔ وہی شرائط عقیقہ کے جانور میں بھی ہونی لازمی ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عقیقہ کے بارے میں حدیث میں **مکافاتان** کا لفظ آیا ہے۔ یعنی ہر دو جانور ہم عمر ہونے ضروری ہیں۔ اس کا مطلب علماء کرام نے یہ بیان کیا کہ بھیڑا اور دنبہ کے علاوہ باقی جانور دو دانت ہوں۔ اسکے علاوہ جو شرائط قربانی کے جانور کی ہیں۔ ان کا عقیقہ کے جانور میں ہونا ضروری نہیں۔ (فقط حافظ عبد القادر روپڑی۔ اخبار تنظیم اہل حدیث لاہور جلد 17 ش 28)

توضیح

جو شرائط جانور قربانی کے ہیں۔ وہ ہی شرائط جانور عقیقہ میں ہونے افضل ہیں۔ کیونکہ عقیقہ کو بھی حضور ﷺ نے قربانی فرمایا ہے۔ جیساکہ حدیث میں من اراد ان ینسک فلینسک (الراقم علی محمد سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال)

ھٰذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 13 ص 199

محدث فتویٰ